اُردو (لازمی)	دہم 2020ء	پرچہ II: (معروضی طرز)
وقت: 20 منٹ	(پہلا گروپ)	کل نمبر: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1- ''رنگوائی'' قواعد کی رُو سے ہے:

(a) اسمِ حالیہ (b) اسمِ معاوضہ ✓
(c) اسمِ کیفیت (d) صفتِ نسبتی

2- ''گنج ہائے گراں مایہ'' کس مصنف کی تصنیف ہے؟

(a) ظہیر احمد صدیقی (b) سید بشیر الدین
(c) رشید احمد صدیقی ✓ (d) ڈاکٹر وحید قریشی

3- پاکستان ستاروں کے جھرمٹ میں ہے:

(a) روشن ستارہ (b) چاند
(c) مرکزہ (d) سورج ✓

4- ''قلم و کتاب'' قواعد کی رُو سے کیا ہے؟

(a) مرکبِ توصیفی (b) مرکبِ اضافی
(c) مرکبِ جاری (d) مرکبِ عطفی ✓

5- ''کول'' کس شہر کا پرانا نام ہے؟

(a) علی گڑھ ✓ (b) دہلی
(c) آگرہ (d) لکھنؤ

6- مصنف سجاد حیدر یلدرم نے کس مصیبت کو فقیر کے لیے نعمت تصور کیا ہے؟

(a) روٹی کی محتاجی (b) دوست نہ ہونا ✓
(c) غریب الوطنی (d) بھیک مانگنا

7- ''اُس نے خط لکھا ہوگا'' گرامر کی رُو سے ہے:

(a) ماضی تمنائی (b) ماضی شکیہ ✓
(c) ماضی استمراری (d) فعل مضارع

8- مغل بادشاہ نور الدین محمد جہانگیر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے کس شخصیت نے قید و بند کی سختیاں جھیلیں؟

(a) حضرت مجدد الف ثانیؒ ✓ (b) شاہ ولی اللہؒ

(c) سید احمد بریلویؒ (d) شاہ اسمٰعیل شہیدؒ

9- علامہ اقبالؒ کے ملازم علی بخش کو زمین کہاں دی گئی تھی؟

(a) لاہور (b) لائل پور ✓

(c) جھنگ (d) خانیوال

10- یہ مصرعہ کس شاعر کا ہے؟ ''ہلالِ عید کی گردوں پہ آمد آمد ہے'':

(a) علامہ اقبالؒ (b) حفیظ جالندھری

(c) عبدالمجید سالک ✓ (d) الطاف حسین حالی

11- کسان کھیت سے رُخ پھیر کر کہاں جاتا ہے؟

(a) گھر کی جانب ✓ (b) ویرانے میں

(c) منڈیر کی طرف (d) گاؤں میں

12- لفظ ''مشتعل'' کا درست تلفظ ہے:

(a) مُشْتَعَلْ (b) مَشْتَعَلْ

(c) مُشْتَعِلْ ✓ (d) مُشْتِعِلْ

13- کسی شعر میں قافیے کے بعد آنے والے ایک جیسے لفظ یا الفاظ کہلاتے ہیں:

(a) مجازِ مُرسل (b) استعارہ

(c) ردیف ✓ (d) تشبیہ

14- سبق ''چغل خور'' مصنف شفیع عقیل کی کس کتاب سے ماخوذ ہے؟

(a) بلوچی لوک داستانیں (b) چینی لوک داستانیں

(c) جاپانی لوک داستانیں (d) پنجابی لوک داستانیں ✓

15- لفظ ''ادب'' کے درست اعراب ہیں:

(a) اَدْب (b) اَدُبْ

(c) اُدَبْ (d) اَدَبْ ✓